واجباتُ الصلاة:

نماز کے واجبات

واجبات: اگر واجب عمداً چھوڑ دیا جائے تو نماز باطل ہوجائے گی اور اگر بھول کر رہ جائے تو نماز باطل نہ ہوگی، البتہ سجدہ سہو سے کمی پوری ہوجائے گی-

1) **جميعُ التكبيرات في الصلاةِ غير تكبيرةِ الإحرام فهي ركن**

تکبیر تحریمہ کے علاوہ نماز کی وہ تمام تکبیرات جو حالت بدلنے کے لیے کہی جاتی ہیں، واجب ہیں، رکن نہیں ہیں-

2) **التسميعُ "سمع الله لمن حمده ."**

امام اور منفرد کے لیے "**سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہ** " کہنا واجب ہے البتہ مقتدی نہ کہے-

3) **التحميدُ " ربنا ولك الحمد**

تحمید، یعنی " **رَبَّنا لَكَ الحَمْدُ**" کہنا امام، موقتدی اور منفرد کے لیے واجب ہے-

4) **قوله " سبحان ربي العظيم " في الركوع**

رکوع میں ایک مرتبہ **" سبحان ربي العظيم"** کہنا واجب ہے ، تین مر تبہ کہنا مسنون ہے-

5) **قوله " سبحان ربي الأعلى " في السجود**

سجدہ کی حالت میں **"سبحان ربي الأعلى"** ایک مرتبہ کہنا واجب ہے، تین مرتبہ کہنا مسنون ہے-

1) <u>قوله " ربّ اغفر لی " بین السجدتین</u>

"رَبِّ اغْفِرْ لِي " دو سجدوں کے درمیان کہنا-

2) <u>التشهُّد الأول .</u>

پہلا تشہد پڑھنا واجب ہے-

3) <u>الجلوسُ للتشهُّد الأول</u>

دو رکعت کے بعد تشہد کے لیے بیٹھنا {ظہر، عصر ، مغرب اور عشاء}

جس شخص نے ان قولی یا فعلی آٹھ واجبات میں سے کسی ایک کو عمداً چھوڑ دیا تو اس کی نماز باطل ہو گی-